ضرورتِ مُرشد

ارشاداتِ امیرِ ملت رحمۃ اللہ علیہ

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت ابو العرب امیر ملت حضرت الحاج الحافظ پیر سید

جماعت علی شاہ محدث علی پوری کی خصوصی تحریریں

حسب الارشاد

ترتیب و تدوین

پیر سید افضل حسین شاہ جماعتی رحمۃ اللہ علیہ

صاحبزادہ علامہ عرفان الٰہی قادری

قادری رضوی کُتب خانہ۔ گنج بخش روڈ لاہور

ارشاداتِ امیرِ ملت رحمۃ اللہ علیہ

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت ابو العرب امیرِ ملت حضرت الحاج الحافظ پیر سید

جماعت علی شاہ محدث علی پوری کی خصوصی تحریریں

حسب الارشاد

جانشینِ امیرِ ملت حضور فخرِ ملت

حضرت الحاج الحافظ پیر سید افضل حسین شاہ جماعتی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تدوین

صاحبزادہ علامہ عرفان الٰہی قادری

حاجی صوفی محمد صدیق حسین جماعتی

قادری رضوی کتب خانہ ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور
Hello: 042-7213575, 0333-4383766

مولای صل وسلم دائماً ابداً ‏ علی حبیبک خیر الخلق کلهم

هو الحبیب الذی ترجی شفاعته ‏ لکل هول من الاهوال مقتحم

محمد سید الکونین والثقلین ‏ والفریقین من عرب ومن عجم

فان من جودک الدنیا وضرتها ‏ ومن علومک علم اللوح والقلم

مکتبہ حنفیہ ‏ قادری رضوی کتب خانہ لاہور

نشانِ منزل

صاحبزادہ عرفان الٰہی قادری آستانہ عالیہ ساھو چک شریف

ابو العرب امیر ملت حضرت پیر سید جماعت علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۱۸۳۰ء تا ۱۸۴۰ء کے درمیانی عرصہ میں حضرت سید کریم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے گھر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا شجرہ نسب ۳۸ واسطوں سے رسول اکرم نور مجسم احمد مختار حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے۔ اس طرح آپ نجیب الطرفین ہیں۔ آپ کے آباؤ اجداد سب کے سب مومن و متقی صالح و برگزیدہ حیثیت کے حامل تھے۔ آپ کا اسم گرامی سید جماعت علی رکھا گیا لیکن آپ کو سنوسی ہند، ابو العرب اور امیر ملت جیسے مشہور القابات سے ہی زیادہ پکارا جاتا ہے۔ آپ کو آپ کے والد گرامی نے چار سال چار ماہ چار دن کی عمر مبارک میں ابتدائی تعلیم کے لیے مسجد میں بھیج دیا اور آپ نے سب سے پہلے حضرت حافظ شہاب الدین صاحب سے قرآن مجید حفظ کیا۔ اس کے بعد آپ نے لاہور، سہارنپور، کانپور، لکھنؤ اور گنج مراد آباد جیسے دور دراز مقامات پر جا کر تحصیل علم فرمائی اور مشکلات سفر کو سہل جانا اور یہ تمام سفر پیدل یا گھوڑے پر کیے۔

حضرت قبلہ عالم رحمۃ اللہ علیہ کا قد مبارک درمیانہ تھا۔ موزوں، متناسب اور مائل بہ بلندی، جوانی میں اعضاء سڈول اور مضبوط تھے مگر ضعیفی میں لاغر و نحیف ہو گئے تھے۔ جوانی میں سرخ و سفید تھے۔ پیری میں بھی چہرے کی صباحت و نظارت